## سوال

فوت شدہ انسان کے مال پر زکوٰۃ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص کے پاس ایک تہائی مال کسی فوت شدہ انسان کا ہے اور کچھ درہم یتیموں کے ہیں، توکیا ان میں زکوٰۃ ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وہ ایک تہائی حصہ جو کسی فوت شدہ کا ہے، اس میں زکوٰۃ نہیں ہے کیونکہ اس کا کوئی مالک نہیں بلکہ وہ تو نیکی کے کاموں کےلیے وقف ہے، البتہ جو یتیموں کے درہم ہیں، ان میں زکوٰۃ واجب ہے۔ یتیموں کا ولی ان کی طرف سے زکوٰۃ ادا کرے گا کیونکہ اہل علم کے مختلف اقوال میں سے صحیح قول یہ ہے کہ زکوٰۃ میں بلوغت اور عقل شرط نہیں ہے کیونکہ زکوٰۃ تو مال میں واجب ہوتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

**عقائد کے مسائل : صفحہ 356**